# اس کتاب کے بارے میں

اس کتاب کا مقصد یہ سمجھانا ہے کے نماز کی ادائیگی بہت آسان ہے۔ آسان تصاویر اور آسان زبان کے ذریعے نماز کے مختلف ارکان کو یاد رکھنا بہت آسان بنا دیا گیا ہے۔ بنیادی نماز مکمل کرنے کیلئے محض چند ارکان ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ نماز کی صحیح طریقے سے ادا کرنے میں یہ کتاب نہ صرف مدد کریگی بلکہ وہ تمام لوگ جو نماز نہیں پڑھتے انہیں نماز پڑھنے پر آمادہ کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔ اس کتاب کو آپ آسانی سے اپنی جیب میں رکھ سکتے ہیں تاکہ آپ اسے اپنے ساتھ جہاں چاہیں لے جاسکیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں پاخانہ جاتے وقت اسے اپنے ساتھ نا لیجائیں۔

*اس کتاب کو بلا غسل یا وضو کے اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں، اسے چھو سکتے ہیں۔ اس کتاب کے کسی بھی حصے نیز سورۃ آیت یا دعا پڑھ سکتے ہیں۔
(وضو یا غسل اسی صورت میں لازمی ہے جب آپ قرآن کریم کو چھوئیں)

*الهداية مع الدراية الجلد الاوّل، الصفحة ۔ (٤٩)